**[ Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1,**

**dated the 26th March, 2021**

Ordinance No. IX of 2021

AN

ORDINANCE

*further to amend the Higher Education Commission Ordinance, 2002*

**WHEREAS**, it is expedient further to amend the Higher Education Commission Ordinance, 2002 (Ordinance No LIII of 2002);

**AND WHEREAS**, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

**NOW, THEREFORE**, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Ordinance shall be called the Higher Education Commission (Amendment) Ordinance, 2021.

   It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 6, Ordinance No. LIII of 2002.-**

   (a) In the Higher Education Commission Ordinance, 2002 (Ordinance No. LIII of 2002), hereinafter called as the said Ordinance, in section 6, for sub-section (5), the following shall be substituted:-

   "(5) The Chairperson shall hold office for a period of two years and members shall hold office for a period of four years. In no case the Chairperson and members shall be eligible for re-appointment for more than one similar term."

   (b) after sub-section (5) amended as aforesaid, the following new sub- section shall be inserted, namely: -

   "(5A) Notwithstanding anything in any order, notification, contract, agreement or any instrument containing the duration and terms of service, a Chairperson or a member who, on or after commencement of this Ordinance completes the term or tenure as provided in sub-section (5), shall on such commencement forthwith cease to be the Chairperson or member, as the case may be."

***Explanation:***

Sub-section (5), as amended, shall have operation despite any vested right or right as a past and closed transaction in any appointment or terms thereof acquired or purported to have been acquired prior to the Higher Education Commission (Amendment) Ordinance, 2021 coming into force.

3. **Amendment of section 11, (Ordinance No. LIII of 2002).**- In the said Act, in section 11, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Government shall appoint an Executive Director on the recommendation of the Ministry of Federal Education who shall unless earlier removed on any of the grounds specified in sub-section (6) of section 6, shall hold office for term of four years and shall be responsible for the various activities of the Commission.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

In the new knowledge economies of 21st Century, educational standards are shaping the destinies of nations. Particularly, in post-COVID era, the paradigm of Higher Education System and its delivery mode has undergone tremendous changes.

2. In order to align the Higher Education Commission with the fast changing environment, the process and criteria of tenured appointments need to be reviewed so that the incumbents may keep pace with the changing eco-system of 21st century skills.

3. The Bill is designed to achieve the afore-said objectives.

(SHAFQAT MAHMOOD)
Minister for Federal Education and
Professional Training

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 26 مارچ 2021ء میں شائع ہوا]

# آرڈیننس نمبر۹ مجریہ ۲۰۲۱ء

# اعلیٰ تعلیمی کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اعلیٰ تعلیمی کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (آرڈیننس نمبر ۵۳ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہے؛

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے صدر مملکت نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

**۱۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس اعلیٰ تعلیمی کمیشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

## ۲۔ آرڈیننس نمبر ۵۳ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔

(الف) اعلیٰ تعلیمی کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (آرڈیننس نمبر ۵۳ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں، بعد ازیں جو مذکورہ آرڈیننس کے طور پر موسوم ہوگا، کی دفعہ ۶ میں، ذیلی دفعہ (۵) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

"(۵) چیئرپرسن دو سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز ہوگا اور اراکین چار سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز ہوں گے۔ کسی بھی صورت میں چیئرپرسن اور اراکین ویسی ہی مدت کے لیے دوبارہ تقرری کے اہل نہ ہوں گے۔"

(ب) مذکورہ بالا طور پر ترمیم کردہ ذیلی دفعہ (۵) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

”(۵الف) کسی بھی حکم، اعلامیہ، معاہدہ، اقرار نامہ یا کسی بھی دستاویز میں کسی امر جو مدت اور شرائط ملازمت پر مشتمل ہو کے باوصف، چیئر پرسن یا رکن جو، اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ پر یا اس کے بعد ذیلی دفعہ (۵) میں فراہم کردہ معیاد یا مدت مکمل کر لیتا ہے تو، مذکورہ آغاز نفاذ پر فی الفور چیئر پرسن یا رکن، جیسی بھی صورت ہو، نہیں رہے گا۔“

تشریح:۔ اعلیٰ تعلیمی کمیشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء کے نفاذ سے قبل کسی تقرری میں کسی حق حاصلہ یا ماضی جیسے حق اور بند کاروائی کے باوجود یا اس کی شرائط مطلوب ہوں یا طلب کی گئی ہوں، ذیلی دفعہ (۵)، جیسا کہ ترمیم کی گئی ہے، کا اطلاق ہوگا۔

**۳۔ آرڈیننس نمبر ۵۳ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۱ میں ذیلی دفعہ (۱) کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

”(۱) حکومت، وزارت وفاقی تعلیم کی سفارش پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا تقرر کرے گی بجز اس کے کہ دفعہ (۶) کی ذیلی دفعہ (۶) میں صراحت کردہ کسی بھی بنیادوں پر پہلے سے برطرف نہ کیا گیا ہو، چار سال کی مدت کے لیے عہدہ سنبھالے گا اور کمیشن کی مختلف سرگرمیوں کا ذمہ دار ہوگا“۔

## بیان اغراض و وجوہ

اکیسویں صدی کی نئی پر مغز معیشتوں میں، تعلیمی معیارات اقوام کے مقدر وضع کر رہے ہیں۔ بالخصوص مابعد کووڈ۔ صورتحال، اعلیٰ تعلیم کا نظام اور اس کی ترسیل و ترویج کا طریقہ کار انتہائی تبدیلیوں سے گزر رہا ہے۔

۲۔ تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے ماحول سے ہائر ایجوکیشن کمیشن کو ہم قدم رکھنے کے لئے میعادی تقرریوں کے عمل اور معیارات پر نظر ثانی درکار ہے تا کہ عہدیداران اکیسویں صدی کی مہارتوں کے بدلتے ہوئے ایکو۔ سسٹم کے موافق آگے بڑھتے رہیں۔

۳۔ بل ہٰذا مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

**(شفقت محمود)**

وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت